Pastoral letter For Good Friday - 2015 Macky QLD

ہیٹن ویل کیوئینز لینڈ

# پاسبانی خط

# برائے

# گڈفرائیڈے یعنی مبارک جُمعہ

# 2015

مسیح میں میرے عزیز ہمخدمت بھائیو!

عزیز بھائیو اور بہنو!

ہمارے خُداوند یسُوع مسیح کی زمینی خدمت کے اِن آخری دِنوں میں حاصل ہونے والی برکات کی عظمت کو پورے طور پر کبھی بھی بیان نہیں کیا جا سکتا۔ یہاں تک کہ آیندہ دو ہزار سال تک بھی ایسا نہیں ہوسکتا۔

یوحنا 25:21 آیت:

''اور بھی بہت سے کام ہیں جو یسُوع نے کئے۔ اگر وہ جُدا جُدا لکھے جاتے تو
مَیں سمجھتا ہوں کہ جو کتابیں لکھی جاتیں اُن کے لئے دُنیا میں گنجائش نہ ہوتی۔''

آج جیسے ہی ہم صلیب کے نیچے غم اور شُکرگزاری میں کھڑے ہوتے ہیں آیئے زبور 6:89 آیت پر غور کریں جہاں لکھا ہے:

''کیونکہ افلاک پر خُداوند کا نظیر کون ہے؟
فرشتگان میں کون خُداوند کی مانند ہے؟

اِنسانی بدن میں ہمارے خُداوند کا مِشن یہ ثابت کرنا تھا کہ خُدا کی تخلیقِ کائنات میں جو چیزیں بھی پیدا کی گئی ہیں وہ سب اچھی ہیں۔ اور اِن کا مقصد خُدا کے لوگوں یعنی اِسرائیل کو گناہ اور عدالت کی غلامی سے بچانا تھا۔ اُسے اُن کا مسیحا بننا تھا تاکہ وہ اُنہیں اِن حالات میں سے نکلنے کے لئے رہنمائی کرے۔ اُس نے ثابت کیا کہ وہ بے گناہ ہے۔ اُس نے ساری

شریعت کو پورا کیا ہے۔ اُس نے وہ معجزے کئے جن کا پہلے سے بتا دیا گیا تھا اور وہ یہ بھی جانتا تھا جو دانی ایل 26:9 آیت میں لکھا تھا:

''اور باسٹھ ہفتوں کے بعد وہ ممسوح قتل کیا جائے گا۔ اور اُس کا کچھ نہ رہے گا
اور ایک بادشاہ آئے گا جس کے لوگ شہر اور مقدس کو مسمار کریں گے اور اُس کا اِنجام
گویا طُوفان کے ساتھ ہوگا اور آخر تک لڑائی رہے گی بربادی مقرر ہو چکی ہے۔''

ہمارے خُداوند نے اِس ردّ کئے جانے کا تجربہ کیا اور ہم پڑھتے ہیں کہ جیسے ہی وہ شہر میں داخل ہوا وہ رویا۔

لوقا 24:19 آیت:

''جب نزدیک آ کر شہر کو دیکھا تو اُس پر رویا اور کہا کاش کہ اپنے اِسی دِن
میں سلامتی کی باتیں جانتا! مگر اب وہ تیری آنکھوں سے چھپ گئی ہیں۔''

ہمارے خُداوند نے پہلے ہی بتا دیا تھا کہ ایک مِشن قائم ہوگا جو دُنیا کو وہ نیا راستہ بتائے گا جس پر چل کر وہ فتح حاصل کرے گا۔

لوقا 13:6 آیت:

''جب دِن ہوا تو اُس نے اپنے شاگردوں کو پاس بُلا کر اُن میں سے بارہ کو
چُن لیا اور اُنہیں رسول کا لقب دیا۔''

اُن شاگردوں نے اپنے خُداوند کو ممسوح ہوتے ہوئے دیکھا اور اُنہوں نے خُدا کے یہ الفاظ سُنے کہ:

''یہ میرا پیارا بیٹا ہے جس سے مَیں خوش ہوں۔تم اُس کی سنو۔''

عالمِ ارواح کے دروازے اُن پر بند نہیں ہوں گے۔

متی 16:16 آیت:

''تُو زِندہ خُدا کا بیٹا مسیح ہے۔''

اور بہت سی دوسری چیزیں جن کو وہ نہیں سمجھتے تھے۔ یہ نیا طریقہ ہمارے خُداوند پر منحصر تھا کیونکہ اُس نے راست بازی کو مکمل طور پر پورا کیا اور دُنیا کے گناہوں کو ہمیشہ کے لئے ختم کر دیا۔

یہی راست بازی آیندہ گناہوں کی معافی کے لئے ایک اہم ذریعہ ہے۔ اُس وقت تک جب تک کہ خُدا کی بادشاہت نہ آئے خُداوند یسُوع مسیح نے یہ ذریعہ خود قائم کیا جب اُس نے اپنے شاگردوں کے ساتھ آخری فسح کھائی۔

متی 27:26 آیت:

''پھر پیالہ لے کر شُکر کیا اور اُن کو دے کر کہا تم سب اِس میں سے پیو کیونکہ

یہ میرا خون ہے جو بہتوں کے گناہوں کی معافی کے لئے بہایا جاتا ہے۔''

اُس نے اپنے شاگردوں کو وہ سب کچھ بتا دیا جو کچھ اُس کے ساتھ ہونے والا تھا۔ یہاں تک کہ پطرس کو بھی بتا دیا کہ تُو تین بار میرا اِنکار کرے گا۔ اُس نے بڑے خلوص کے ساتھ باغ میں دُعا کی۔

متی 39:26 آیت:

''اَے میرے باپ اگر ہو سکے تو یہ پیالہ مجھ سے ٹل جائے۔ تو بھی نہ جیسا
مَیں چاہتا ہوں بلکہ جیسا تُو چاہتا ہے ویسا ہی ہو۔''

ہمارا خُداوند جانتا تھا کہ جیسے اُس نے تمام دُنیا کے گناہوں کو اپنے اُوپر لے لیا ہے تو اُس کا باپ اُس سے جُدا ہو جائے گا۔ اور یہی وہ پیالہ ہے جس کے متعلق اُس نے کہا۔

یسعیاہ 7:54 آیت میں لکھا ہے:

''مَیں نے ایک دَم کے لئے تجھے چھوڑ دیا۔ لیکن رحمت کی فراوانی سے تجھے
لے لوں گا۔''

جب ہمارا خُداوند صلیب پر تھا۔

متی 45:27 تا 46 آیت:

''اور دُوپہر سے لے کر تیسرے پہر تک تمام مُلک میں اندھیرا چھایا رہا اور
تیسرے پہر کے قریب یسُوع نے بڑی آواز سے چلا کر کہا ایلی۔ ایلی۔ لما سبقتنی۔
یعنی اَے میرے خُدا! اَے میرے خُدا تُو نے مجھے کیوں چھوڑ دیا؟۔''

ہمارے خُداوند نے وہ تمام سزائیں برداشت کیں جو قانون میں موجود تھیں۔ تا کہ خُدا اُن سزاؤں کو اپنی طرف کھینچ لے اور فضل کا نیا دَور شروع ہوا۔ وہ معصوم اور پاک تھا۔

یسعیاہ 5:53 آیت:

''حالانکہ وہ ہماری خطاؤں کے سبب سے گھائل کیا گیا اور ہماری بدکرداری کے
باعث کُچلا گیا۔ ہماری سلامتی کے لئے اُس پر سیاست ہوئی تا کہ اُس کے مار کھانے
سے ہم شفا پائیں۔''

بائبل مقدس ہمیں بتاتی ہے کہ اُس کی گرفتاری، زبردستی لے جائے جانے، جھوٹی گواہیاں، توہینِ مذہب کا اِلزام، اُس پر تھوکا گیا، کوڑے لگائے گئے، تھپڑ مارے گئے، دھکے مارے گئے، قید میں رکھا گیا، مارا گیا، کانٹوں کا تاج پہنایا گیا اور سب سے بڑھ کر صلیب کی اذیت دی گئی۔ اِس سارے عمل کے دوران ہمارے خُداوند نے بدلہ نہیں لیا کیونکہ وہ جانتا تھا کہ اُسے

راست بازی دِکھانا ہے اور اُسے مکمل کرنا ہے تاکہ دُنیا کے گناہوں کو اُٹھا لے جانے میں پوری راست بازی میسر ہو۔
یسعیاہ 7:53 آیت:

''وہ ستایا گیا تو بھی اُس نے برداشت کی اور مُنہ نہ کھویا۔ جس طرح برّہ جسے
ذبح کرنے کے لئے لے جاتے ہیں اور جس طرح بھیڑ اپنے بال کترنے والوں کے
سامنے بے زبان ہوتی ہے اُسی طرح وہ خاموش رہا۔''

ایک بے گناہ شخص نے قانون کی ساری سزائیں برداشت کیں اور صلیب پر یہ اعلان کیا ''تمام ہوا۔''
یہ ظاہر کرتے ہوئے کہ وہ سب چیزیں ختم ہوگئیں اور ثبوت کے لئے ہیکل کا پردہ اُوپر سے نیچے تک درمیان سے پھٹ گیا۔ ہمارا خُداوند جانتا تھا کہ اُسے مکمل قربانی والا برّہ بن کر آنا ہے اور اپنا خون بہانا ہے تاکہ اِس نئے دَور میں دُنیا کے گناہوں کو ڈھانپ دے۔ خُدا نے بھی پہلے آدم کے گناہ کو ڈھانپنے کے لئے ایک برّے کا خون بہایا۔
پیدائش 21:3 آیت:

''اور خُداوند خُدا نے آدم اور اُس کی بیوی کے واسطے چمڑے کے کرتے بنا کر
اُن کو پہنائے۔''

ہمارے خُداوند کو اپنی صلیب کو اُٹھا کر شہر سے باہر لے کر جانا پڑا تاکہ قانون کو پورا کرے۔
عبرانیوں 12:13 آیت:

''اِس لئے یسُوع نے بھی اُمت کو خود اپنے خون سے پاک کرنے کے لئے
دروازہ کے باہر دُکھ اُٹھایا۔''

چونکہ گناہوں کی معافی اور مخلصی کا دُنیا میں آغاز ہونے لگا تھا اِس لئے عالمِ ارواح عدالت کے لئے رُوحوں کی اِنتظار گاہ بن جانے کے لئے ضروری نہ رہا تھا۔ ہمارے خُداوند نے صلیب پر لٹکے ہوئے ایک نئی اِنتظار گاہ کا اعلان کیا تھا۔
لوقا 43:23 آیت:

''اُس نے اُس سے کہا مَیں تجھ سے سچ کہتا ہوں کہ آج ہی تُو میرے ساتھ
فردوس میں ہوگا۔''

یہودی قوم نے یسُوع کا خون اپنے اُوپر لیا تھا اور آنے والے وقت میں پلاطوس نے اپنے آپ کو بے گناہ ثابت کیا مگر اَب مسیح اپنی دُلہن کو منتخب کر چکا تھا۔
زبور 8:2 آیت:

''مجھ سے مانگ اور مَیں قوموں کو تیری میراث کے لئے

اور زمین کے اِنتہائی حصے تیری ملکیت کے لئے تجھے بخشوں گا۔''

لوقا 34:23 آیت میں یسُوع نے صلیب پر یہ فرمایا:

''یسُوع نے کہا اَے باپ اِن کو معاف کر کیونکہ یہ نہیں جانتے کہ کیا کرتے ہیں۔''

یسعیاہ 10:53 آیت:

''جب اُس کی جان گناہ کی قربانی کے لئے گزرانی جائے گی۔''

اور اگر وہ راست بازی کو مکمل نہ کرتا تو پھر وہ اپنی رُوح کو پیش کرنے کے لئے تیار تھا۔

لوقا 46:23 آیت:

''پھر یسُوع نے بڑی آواز سے پُکار کر کہا اَے باپ میں اپنی رُوح تیرے ہاتھوں میں سونپتا ہوں۔''

ہم جانتے ہیں کہ وہ سو فیصد فتح مند تھا جس کے لئے ہم پُرخلوص شُکرگزاری کرتے ہیں۔

2- کرنتھیوں 15:15 آیت:

''اور وہ اِس لئے سب کے واسطے مُوَا کہ جو جیتے ہیں وہ آگے کو اپنے لئے نہ جئیں بلکہ اُس کے لئے جو اُن کے واسطے مُوَا اور پھر جی اُٹھا۔''

اپاسٹل ڈارگ وچ اور میری طرف سے آپ کو سلام۔
مسیح میں آپ کا بھائی

اپاسٹل کلف فلور